© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

**درس قرآن** (مکمل گیارہ جلد) | تالیف: حضرت مولانا الحاج محمد احمد صاحب مدظلہ ——— قیمت درج نہیں
ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت القرآن اے ۴۴۲ بلاک ایچ شمالی ناظم آباد کراچی ۳۳

قرآن حکیم کی تعلیمات تمام مسائل کا حل اور مشکلات کی شاہ کلید ہے شیخ الہند مولانا محمود الحسن مالٹا کی جیل میں پانچ سال کے مسلسل فکر و تدبر کے بعد امت کے زوال و انحطاط کے جن دو اسباب کی نشاندہی کی تھی ان میں قرآنی تعلیمات سے جہالت کو تمام رسوائیوں کا پیش خیمہ قرار دیا تھا ——— پھر عملی طور پر خود قرآن حکیم کا آسان ترجمہ و تفسیر کا سلسلہ شروع فرمایا۔ آپ کی رحلت کے بعد آپ کے جلیل القدر تلامذہ، حضرت مولانا علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا بدر عالم میرٹھیؒ اور اسی مکتب فکر کے روحانی فرزند حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ امام انقلاب حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ نے حضرت شیخ الہندؒ ہی کی ہدایات کے مطابق جگہ جگہ درس قرآن و دورۂ تفسیر کے سلسلے شروع کئے۔ دورۂ تفسیر و تراجم قرآن کا یہ مقدس جال پورے ملک میں پھیل چکا ہے۔ قرآن حکیم کی اردو تفاسیر کا سلسلہ چلا تو اس میں شیخ الہندؒ ہی کے ترجمہ و تفسیر قرآن نے سب کو بنیاد فراہم کی اور بحمد للہ اب علمی اور فنی اعتبار سے اردو زبان تفاسیر کے عظیم ذخیرہ سے مالا مال ہے ——— مگر ضرورت تھی اس بات کی کہ مشکل علمی مباحث، فنی مسائل، دقیق نکات سے ہٹ کر خالص رشد و ہدایت اور وعظ و ارشاد کے پہلو کو سامنے رکھ کر قرآن حکیم کے ترجمہ و تفسیر کو حضرت شیخ الہندؒ کے مشن کی تکمیل میں اس قدر آسان کر دیا جائے کہ عام لکھے پڑھے اردو خواں حضرات بھی جب استفادہ کرنا چاہیں تو وہ روزانہ ایک سبق کے طور پر قرآنی ہدایات بآسانی پڑھ سکیں۔

حضرت مولانا الحاج محمد احمد صاحب دامت برکاتہم کا گیارہ جلدوں میں درس قرآن اس سلسلہ کی عظیم پیش رفت ہے جو اپنے طرز تحریر، آسان اسلوب، رشد و ہدایت اور عام فہمی میں اپنے انداز کی پہلی تفسیر ہے جس کا روزانہ ایک تفسیر درس پندرہ بیس منٹ میں بآسانی مساجد کے حلقوں، تبلیغی سوسائٹیوں تعلیمی نشستوں اور اپنے گھروں میں پڑھا



© rasailojaraid.com